© rasailojaraid.com



# مطبُوعات

**A GIDE TO THE DIVINE TRUTHS OF ISLAM.**

مُولفہ: محمد عبد اللہ راجپوت، ایم، اے۔

ملنے کا پتہ: ۹ میکینیز روڈ، پشاور چھاؤنی۔

قیمت: مجلد تین روپے، آٹھ آنے۔

ایک سو چالیس صفحے کی اس انگریزی کتاب میں مؤلف نے اجمالاً اسلام کے ایمانیات، عبادات اور اخلاقی ومعاشرتی اصولوں کو سادہ عقلی استدلال کے ساتھ پیش کیا ہے، مؤلف کے پیشِ نظر مقصد یہ ہے کہ تعلیم یافتہ طبقے کو اپنے دین سے جو ذہنی بُعد پیدا ہو گیا ہے اسے کم کیا جائے اور قوم کے نوجوانوں کو اُس دین کے متعلق جس سے وہ اپنے آپ کو منسوب کرتے ہیں کم از کم بنیادی معلومات بہم پہنچادی جائیں۔

مؤلف نے اس کتاب میں اسلام کے اصولوں کی تشریح وتعبیر جس طرزِ فکر کے تحت کی ہے وہ حسبِ ذیل معتبر کتابوں پر مبنی ہے:۔

(۱) غنیۃ الطالبین (سید عبد القادر جیلانیؒ) (۲) احیاء العلوم الدین (امام غزالی) (۳) مشکوٰۃ المصابیح (شیخ ولی الدین محمد بن عبد اللہ تبریزی)

زبان آسان اور خصوصاً طلباء کے معیار کی ہے۔

**طبِ قدیم اور طبِ جدید**

مُولفہ: ڈاکٹر سید ممتاز حسین صاحب ایم، بی، بی، ایس، گرامی شاہو۔ سیور روڈ۔ لاہور۔

قیمت درج نہیں ہے۔

جس طرح مذہبیات میں دیوبندی اور بریلوی وغیرہ مدارسِ فکر کے درمیان مدت سے مناظرانہ بحثیں جاری ہیں، اسی طرح ہمارے ہاں طبِ قدیم اور طبِ جدید کے درمیان برابر دماغی تصادم ہوتا رہتا ہے۔ مشکل یہ ہے کہ اس علمی وفنی اختلافِ فکر میں کاروباری رقابت کا خمیر بھی آملا ہے جس نے فضا بہت خراب کر دی ہے۔

پیشِ نظر پمفلٹ میں ممتاز حسین صاحب نے طبِ جدید کی حمایت کرتے ہوئے طبِ قدیم کے علمبرداروں کے

© rasailojaraid.com